سہولت چارٹ برائے فیملی پنشنرز

فہرست اوّل بابت افرادِ خاندان برائے ادائیگی فیملی پنشن

ترجیح	افرادِ خاندان	مُدّتِ پنشن	بصورت
پہلی ترجیح	بیوہ / رنڈوہ	تاحیات یا تا نکاح ثانی وضاحت: اگر کسی ملازم کی ایک سے زائد ازواج ہوں اور پسماندگان کی تعداد (بشمول بیواؤں اور اولاد) چار سے زائد نہ ہو تو تمام پسماندگان میں برابری کی بنیاد پر فیملی پنشن تقسیم ہوگی۔ اور اگر پسماندگان کی تعداد چار سے زائد ہو تو اُس صورت میں ہر بیوہ کو فیملی پنشن کا ایک چوتھائی حصہ ملے گا اور باقی ماندہ پنشن (اگر کوئی رہتی ہے) بچوں میں برابر تقسیم ہوگی۔ (بچوں کی تفصیل درج ذیل ہے)	پنشنر کی فوتگی کی صورت میں
دوسری ترجیح	۱۔ بیٹے (۲۱ سال سے کم عمر) ۲۔ غیر شادی شدہ/طلاق یافتہ/بیوہ بیٹیاں	۱) بیٹے۔ ۲۱ سال سے کم عمر تک ۲) بیٹیاں۔ تاحیات یا تا نکاح/نکاح ثانی (برابری کی بنیاد پر) وضاحت: فوت شدہ پنشنر کے وہ زیرِ کفالت بچے جو مستقل طور پر ذہنی یا جسمانی لحاظ سے معذور ہوں ان کے لئے عمر کی کوئی حد نہیں۔ ان کو تاحیات فیملی پینشن ملتی رہیگی۔	پہلی ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں
تیسری ترجیح	بیوہ بہو (بالترتیب)	ابتدائی ۱۰ سال تک یا ۱۰ سالوں کا باقی ماندہ حصہ	دوسری ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں
چوتھی ترجیح	پوتا (۲۱ سال سے کم عمر) (بالترتیب)	ایضاً	تیسری ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں
پانچویں ترجیح	پوتی (غیر شادی شدہ) (بالترتیب)	ایضاً	چوتھی ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں
چھٹی ترجیح	بیوہ پوتی (بالترتیب)	ایضاً	پانچویں ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں

مندرجہ بالا افرادِ خاندان کی غیر موجودگی کی صورت میں

فہرست دوئم بابت افرادِ خاندان برائے ادائیگی فیملی پنشن

(فوت شدہ پنشنر پر مالی انحصار کا معقول ثبوت دینا لازمی ہے)

ترجیح	افرادِ خاندان	مُدّتِ پنشن	بصورت
پہلی ترجیح	والد	تاحیات	مندرجہ بالا فہرست کے مطابق فیملی پنشن کا حق باقی نہ رہنے کی صورت میں
دوسری ترجیح	والدہ	ایضاً	پہلی ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں
تیسری ترجیح	بھائی (۲۱ سال سے کم عمر) (بالترتیب)	ابتدائی ۱۰ سال تک یا ۱۰ سالوں کا باقی ماندہ حصہ	دوسری ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں
چوتھی ترجیح	غیر شادی شدہ بہن (بالترتیب)	تاحیات یا تا نکاح	تیسری ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں
پانچویں ترجیح	بیوہ بہن (بالترتیب)	ابتدائی ۱۰ سال تک یا ۱۰ سالوں کا باقی ماندہ حصہ	چوتھی ترجیح کی غیر موجودگی کی صورت میں

حوالہ نمبر۔ Finance Division O.M No. F-1(13)-Reg.6/83 dated 23-10-1983

ترمیم بذریعہ نمبر۔ Finance Division O.M No. F-13(16)-Reg.6/2017-516 dated 19-06-2018

(INAYAT ALI)